SUPPORTED BY

# GLA کی رائے دہندہ کی ID کے حوالے سے آگہی کی مہم کی گرانٹس
# مرحلہ دو

## 1. تعارف

گریٹر لندن اتھارٹی (GLA) اپنے شہری اور جمہوری عمل میں شرکت کے پروگرام کے حصے کے طور پر رائے دہندہ کی ID کے حوالے سے آگہی کی گرانٹس کا مرحلہ دو چلا رہی ہے۔ گرانٹ کا پروگرام GLA کی رائے دہندہ کی ID کی عوامی آگہی کی وسیع تر مہم کے ساتھ مربوط ہے[1] تاکہ الیکشن ایکٹ (2022) میں سامنے آنے والے رائے دہندگی کے سسٹم میں تبدیلیوں کی برابری کے اثرات کے حوالے سے لندن میں آگہی پیدا کی جائے، جس میں خصوصی طور پر کم رجسٹرڈ اور کم نمائندگی یافتہ لندن کے شہریوں پر رائے دہندہ کی تصویری ID میں تبدیلیوں پر اثر نمایاں ہے۔

گرانٹ کا پروگرام سول سوسائٹی کے مساوات پر مبنی گروپس کو فنڈ کر رہا ہے تاکہ کمیونٹی کی اعتماد یافتہ ترتیبات میں لندن کی ان سب سے زیادہ کم رجسٹرڈ اور کم نمائندگی یافتہ کمیونٹیز کے لیے ہدف یافتہ آگہی اجاگر کرے اور متعلقہ معلوماتی سرگرمی کی فراہمی کی جائے جن کا ان تبدیلیوں سے سب سے زیادہ متاثر ہونے کا امکان ہے۔

GLA کے تجزیے نے درج ذیل گروپس کی سب سے زیادہ متاثر ہونے کی نشاندہی کی ہے:

- لندن کا نوجوان طبقہ (18-25 سال کی عمر کے افراد)
- سیاہ فام، ایشیائی، نسلی طور پر اقلیت اور لندن کے مہاجر شہری، بشمول EU سے تعلق رکھنے والے لندن کے شہری
- قوت سماعت سے محروم اور معذور لندن کے شہری
- لندن کے عمر رسیدہ شہری (60 سال سے زائد)
- ٹرانس اور نان بائنری لندن کے شہریوں پر ارتکاز کے ساتھ، +LGBTQ لندن کے شہری
- کم آمدنی والے لندن کے شہری
- بے گھر، سماجی اور نجی کرایہ دار لندن کے شہری

مساوات پر مبنی سے ہماری مراد کسی تنظیم کی انتظامیہ کا کم از کم 50% حصہ (ٹرسٹیز اور سینیئر انتظامیہ) اور عملے کا درج ذیل شامل فہرست شناختوں میں ایک یا زائد کے ساتھ اپنی شناخت قائم کرنا ہے اور جن شہری اور جمہوری رکاوٹوں سے نمٹنے کی وہ کوشش کر رہے ہیں ان کے تجربے کا حامل ہونا ہے۔

آپ £25,000 سے £50,000 تک کی گرانٹ کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔

---

[1] دیگر سرگرمی میں پورے لندن میں عوامی آگہی کی مہم شامل ہے جس کا آغاز الیکٹورل کمیشن، بورو کی الیکٹورل سروسز اور بڑے پیمانے پر سول سوسائٹی کے اتحاد کے اشتراک کے ساتھ جنوری 2023 سے کیا جائے گا۔ مزید تفصیلات GLA کے فیصلے کی دستاویز DD 22597 میں تلاش کی جا سکتی ہیں، جو کہ https://www.london.gov.uk/decisions/dd2597-voter-id-awareness-campaign-expanded پر دستیاب ہے۔ شہری اور جموری عمل میں شرکت کے متعلق غیر جانبدارانہ GLA کی سرگرمی کی سابقہ مثالیں https://registertovote.london/ پر بھی ملاحظہ کی جا سکتی ہیں۔

## 2. پروگرام کے مقاصد کیا ہیں؟

مرحلہ دو کے گرانٹس کے پروگرام کے مقاصد ہیں کہ:

- مقامی سطح اور لندن بھر کی بھروسہ مند کمیونٹی ترتیبات میں رائے دہندگی کے سسٹم کی تبدیلیوں پر غیر جانبدار آگہی اور معلوماتی سرگرمی فراہم کرنا۔
- کم رجسٹرڈ اور کم نمائندگی یافتہ کمیونٹیز سے تعلق رکھنے والے لندن کے شہریوں میں شعور اجاگر کرنا، جو عالمی وباء اور روزمرہ کے اخراجات کے بحران سے غیر متناسب طور پر متاثر ہوئے ہیں، اور انہیں رائے دہی کے لیے رجسٹر ہونے میں اعانت دینے سے اس بات کو یقینی بنانا کہ وہ اپنی طاقت اور اپنے رائے دہی کے حق کو نہ کھو دیں، رائے دہندہ کی منظور شدہ تصویری ID یا مفت رائے دہندہ کے اختیار کے سرٹیفیکیٹ کے لیے اپلائی کریں۔
- جمہوری سیکٹر میں خیراتی اور الیکٹرول قانون کے حوالے سے بددلی اور شکستگی کے عوامل کو حل کرنے کے ذریعے عمل پیرا سول سوسائٹی تنظیموں کی تعداد، گنجائش اور لچک کو بڑھانا، اور یقینی بنانا کہ ان کی جاری/مستقبل کی سرگرمی میں اور پروگرام کی طویل مدتی میراث کے طور پر سول اور جمہوری حصہ داری شامل رہے۔

**<u>مرحلہ دو – جولائی 2023 سے جنوری 2024 ووٹر ID کمیونٹی میں آگہی کی گرانٹس</u>**

مرحلہ ایک (جنوری تا مارچ 2023) میں سرگرمی کی بنیاد پر، گرانٹ کا یہ دورانیہ جمہوری حقوق تک رسائی میں معاونت کو مدنظر رکھتے ہوئے چھ ماہ کی مدت میں منعقد ہونے والی سرگرمی کے لیے فنڈنگ کی اعلیٰ سطح فراہم کر رہا ہے: رائے دہندگی کے لیے رجسٹر ہونا، رائے دہندہ کی منظور شدہ تصویری ID یا مفت رائے دہندہ کے اختیار کے سرٹیفیکیٹ کے لیے اپلائی کرنا۔

وہ تنظیمیں جو اس گرانٹ کے لیے اپلائی کر رہی ہیں انہیں اس بات پر غور کرنے اور اپنی ہدفی کمیونٹیز کے حجم کی ایپلیکیشن کی تفصیلات، سرگرمی منعقد کرنے کا جغرافیائی مقام، اور کمیونٹی کی زبانوں میں امواد سمیت اپنے رابطے اور کسی بھی رسائی کی ضروریات کا ڈیٹا/ثبوت فراہم کرنے ہوں گے۔

ہمارا قیاس ہے کہ گرانٹ کا زیادہ حصہ ایسی تنظیموں کو دیا جا ئے گا جو لندن بھر میں کام کر رہی ہیں اور/یا کئی دیگر تنظیموں کے ساتھ باضابطہ/بے ضابطہ شراکت داری میں کام کر رہی ہیں یا کسی امبریلا نیٹ ورک کا حصہ ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ بڑے پیمانے پر ترسیل کے لیے ان کے پاس نیٹ ورکس اور روابط ہوں گے اور نمایاں طور پر بالمشافہ سرگرمی انجام دینے کے لیے موجودہ کمیونٹیز سے رابطے میں ہیں۔

فراہم کی گئی گرانٹ کا حجم رابطہ کی گئی کمیونٹی کے حجم کی عکاسی بھی کرے گا؛ اور اس کمیونٹی تک رابطے کے لیے استعمال میں لائے گئے طریقوں کی بھی۔ ہم درخواست دہندگان سے توقع کرتے ہیں کہ وہ اپنی کمیونٹیز، ان کا حجم اور جغرافیائی مقام، شہری اور جمہوری حصہ داریوں میں سامنا کرنے والی اسٹرکچرل رکاوٹوں کے بارے میں آگاہ کریں؛ وہ کس طرح اپنی کمیونٹیز سے موثر انداز میں رابطہ کریں گے، اس پروگرام کی انجام دہی کے بہترین طریقوں میں آن لائن (بشمول سوشل میڈیا مہمات) اور آف لائن (بشمول بالمشافہ ایونٹس) فراہمی ہے۔

SUPPORTED BY GREATER LONDON AUTHORITY GROUNDWORK

## 3. کس طرح کے پراجیکٹس کی معاونت کی جائے گی؟

یہ فنڈنگ تنظیموں کی معاونت کرنے پر مرتکز ہے تاکہ سب سے زیادہ کم رجسٹرڈ اور کم نمائندگی یافتہ اور رائے دہی کے سسٹم میں تبدیلیوں سے ممکنہ طور پر سب سے زیادہ متاثر ہونے والے گروپس کے لیے اعتماد یافتہ کمیونٹی کی ترتیبات میں ہدف یافتہ آگہی اجاگر کی جائے اور متعلقہ معلوماتی سرگرمی فراہم کی جائے۔
سرگرمی میں درج ذیل شامل ہو سکتا ہے (مگر اس تک محدود نہیں ہے):

- آگہی کو اجاگر کرنے کے لیے آن لائن اور آف لائن کمیونٹی کی ہدفی سرگرمیوں کا ایک سلسلہ
- ورک شاپس/1:1 سیشنز تاکہ لندن کے رہائشیوں کو رائے دہندگی کے لیے رجسٹر کرنے، رائے دہندہ کی منظور شدہ تصویری ID یا مفت رائے دہندہ کے اختیار کے سرٹیفیکیٹ کے لیے اپلائی کرنے میں معاونت کی جائے
- معلومات کے بڑے پیمانے پر اشتراک کو یقینی بنانے کے لیے رضا کاران کا ایک مقامی نیٹ ورک تشکیل دینا
- لندن کے شہریوں کی اپنی طاقت اور رائے دہندگی کا بہتر استعمال کرنے اور جمہوری طریقہ ہائے کار میں شامل ہونے میں معاونت کے لیے بشمول سیاسی تعلیمی سیشنز چلا کر، جگہیں تخلیق کرنا
- آگہی اجاگر کرنے اور اعانت کی پیشکش کرنے کے لیے متعلقہ فیسٹولز، میلوں، وغیرہ میں اسٹالز سمیت، مقامی کمیونٹی کے بڑے ایونٹس
- لندن بھر کے جینرک ماس میڈیا اور/یا کمیونٹی پر مبنی ماس میڈیا پر مواد، مثلاً TV اسٹیشنز، پریس، ریڈیو، نیوز بلاگز، وغیرہ
- کسی جغرافیائی علاقے (مثلاً کئی بوروز اور لندن کے ضمنی علاقوں، وغیرہ) میں لندن کے کم رجسٹرڈ اور کم نمائندگی یافتہ گروپس یا لندن بھر میں ایک مخصوص علاقائی یا محفوظ کردہ خصوصیات کےحامل پس منظر رکھنے والے لندن کے تمام رہائشیوں تک رسائی کرنے کے لیے شراکت داری قائم کرنا۔

گرانٹ کی جانب سے فنڈ کردہ سرگرمی کا کمیونٹیز میں اگست 2023 سے فروری 2024 کے درمیان انعقاد لازمی ہے۔ اس کا GLA کے بڑے پیمانے پر عوامی آگہی کی مہم مرحلہ دو کی پذیرائی اور معاونت کرنا لازمی ہے، جس کا آغاز جون 2023 میں ہو گا۔ صرف شاز و نادر اور استثنائی حالات کے تحت، جن کا جائزہ GLA کی جانب سے ہر کیس کے منظر نامے کو دیکھتے ہوئے لیا جائے گا، سرگرمی کو مارچ 2024 کے اوائل میں فراہم کرنے کی اجازت دی جائے گی، کیونکہ ہو سکتا ہے کہ یہ لندن الیکشنز مئی 2024 کے سخت انضباطی پیشگی الیکشن دورانیے کے تحت آ جائے۔

تمام تنظیموں اور پراجیکٹس کی سربراہی ان گروپس کی جانب سے کی جانی لازمی ہے جن کا ان تبدیلیوں سے سب سے زیادہ متاثر ہونے کا امکان ہے (ایکوئٹی لیڈ ہونے کی خود ساختہ رپورٹنگ موزوں نہیں قرار پائے گی، مزید تفصیلات درکار ہوں گی) اور ان کا لندن میں منعقد ہونا لازمی ہے؛ اس میں مقام سے مخصوص اور پورے لندن میں منعقد ہونے والی سرگرمی شامل ہے۔

گرانٹ پروگرام کے مرحلہ ایک نے جنوری تا مارچ 2023 کے دوران سرگرمی فراہم کی۔ ضمانتوں اور ان کی سرگرمی کے متعلق GLA Democracy Hub پر مزید پڑھیں (registertovote.london)
https://registertovote.london/home/voter-id-landing-page/gla-voter-id-awareness-campaign-grants/

SUPPORTED BY GREATER LONDON AUTHORITY GROUNDWORK

**غیر جانبداری**

گرانٹ لینے والوں سے توقع کی جاتی ہے کہ آگہی کو فروغ دیں گے اور سختی کے ساتھ نان پارٹی سیاسی کمیونٹی پر مبنی سرگرمی چلائیں گے تاکہ ہدفی نیٹ ورکس اور انفرادی افراد کو رائے دہندگی کو رجسٹر کرنے، رائے دہندہ کی منظور شدہ تصویری ID حاصل کرنے/تجدید کرنے یا مفت رائے دہندہ کے اختیار کے سرٹیفکیٹ کے لیے اپلائی کرنے، اور کسی بھی متعلقہ الیکشن میں رائے دہندگی کی خاطر تیار کرنے کے ذریعے اپنے تمام شہری اور جمہوری حقوق پر عمل پیرا ہونے کا اہل بنائیں۔

اس گرانٹ پروگرام میں کامیابی کے ساتھ اپلائی کرنے کے لیے، تنظیموں کو لازماً غیر جانبداری کا مظاہرہ کرنے کے قابل ہونا ہوگا۔ اس کا مطلب ہے کہ آپ کے تمام گزشتہ/موجودہ کام، سوشل میڈیا کی سرگرمی، اور آپ کے سینئر عہدیداروں اور ٹرسٹیز/انتظامی کمیٹی کو غیر جانبداری کا مظاہرہ کرنا ہوتا ہے – اس کا مطلب ہے کہ وہ موجودہ طور پر منتخب کردہ بااختیار نمائندے نہیں ہو سکتے (یعنی مقامی کونسلرز، ایوانی نمائندگان) جب تک کہ آپ کی قیادت اور نگرانی کے اسٹرکچرز اور بورڈز میں مرکزی سیاسی پارٹیوں کی متوازن نمائندگی موجود نہ ہو، جس سے کسی ایک پارٹی کو دوسری پر فوقیت حاصل نہ ہو رہی ہو۔ آپ کی تنظیم نان پارٹی سیاسی ہونے کی صورت میں اب بھی آپ کے مقصد (مقاصد) کی حمایت میں اپنی سماجی انصاف کی مہمات اور اعانتی سرگرمی میں ملوث ہو سکتی ہے۔

کامیابی کی صورت میں، اس گرانٹس کے پروگرام کے ذریعے پراجیکٹ کی تمام سرگرمی اور مواصلت کا پیغام رسانی، وابستگی اور فراہمی کے تناظر میں تمام اوقات میں غیر جانبدار ہونا لازمی ہے۔ شائع شدہ مواد کا تمام اوقات میں غیر سیاسی، معروضی، حقائق پر مبنی اور غیر جانبدار ہونا؛ اور GLA کی جانب سے پہلے سے پیش کردہ مواد کی نقل پر مبنی نہ ہونا لازمی ہے (انہیں گرانٹ لینے والوں کے ساتھ شیئر کیا جائے گا)۔GLA کسی سرگرمی اور امواد کی منظوری سے پہلے، گرانٹس کے لیے درخواست پر عمل کاری کے دوران اور ڈیزائن اور فراہمی کے مراحل کے دوران، دونوں مواقع پر جائزہ لینے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

Shout Out UK اور GLA کی جانب سے بنائے گئے رائے دہندہ کی ID کے موجودہ امواد پر ایک نظر ڈالیں، درخواست گزاروں کی ان امواد نیز کسی بھی اضافی امواد کو بنانے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔
https://registertovote.london/home/voter-id-landing-page/

**4. کتنی فنڈنگ دستیاب ہے؟**

اس کام کی فراہمی میں سول سوسائٹی کی تنظیموں کی معاونت کے لیے ہمارے پاس کُل £556,900 تک کی گرانٹ موجود ہے۔

تنظیمیں £25,000 – £50,000 کے درمیان گرانٹس کے لیے درخواست دے سکتی ہیں۔

معاہدے پر دستخط کرنے پر 50%، پہلی عبوری رپورٹ جمع کرانے کے بعد (اکتوبر 2023 کے وسط میں) 25% اور حتمی تشخیصی رپورٹ (مارچ 2024 کے آخر تک) شیئر کرنے پر 25% گرانٹس ادا کی جائیں گی۔

اس کے علاوہ اضافی £27,000 کا رسائی کا وظیفہ بھی ہے جس کا نظم Groundwork London کرے گی۔ Groundwork یقینی بنائے گی کہ پروگرام کی تمام دستاویزات لندن کے قوت سماعت سے محروم اور معذور رہائشیوں کے لیے (بڑے پرنٹ، آسان

پڑھائی اور BSL) میں قابل رسائی ہیں اور فراہمی اور تشخیصی تمام مراحل میں لندن کے قوت سماعت سے محروم اور معذور رہائشیوں کی جانب سے چلائے جانے والے سول سوسائٹی گروپس کی ایپلیکیشنز کو معاونت فراہم کرے گی۔

## 5. کون درخواست دے سکتا ہے؟

اپلائی کے لیے اہل ہونے کی خاطر، درخواست دہندگان کا درج ذیل معیار پر پورا اترنا لازمی ہے:

- تنظیموں کا غیر منافع بخش تنظیم ہونا ضروری ہو گا، جیسا کہ:
  - رجسٹرڈ، مستثنیٰ، یا تسلیم شدہ فلاحی ادارہ
  - فلاحی انکارپوریٹڈ تنظیم (CIO)
  - بذریعہ ضمانت کمیونٹی کے مفاد کی محدود کمپنی
  - بذریعہ ضمانت محدود کمپنی (جو کہ رجسٹرڈ فلاحی ادارہ نہ ہو)
  - سوشل انٹرپرائز
  - کمیونٹی کی فائدے کی سوسائٹی (انڈسٹریل اور پرووڈنٹ سوسائٹی)
  - فیتھ گروپ، جہاں سرگرمی مذہب کی ترویج نہ کرتی ہو
  - کمیونٹی کا شائقین کے لیے اسپورٹس کلب
  - تشکیل دیا گیا لیکن غیر انضمام یافتہ کلب یا ایسوسی ایشن
  - تشکیل دی گئی کرائے داروں اور رہائشیوں کی تنظیمیں، اور کرائے دار افراد کے نظم کی تنظیمیں
  - تشکیل دیا گیا کمیونٹی گروپ
  - کمیونٹی کے انفراسٹرکچر کی تنظیمیں یا امبریلا تنظیمیں
  - غیر تشکیل کردہ کمیونٹی گروپ
  - باہمی امدادی گروپس
- غیر تشکیل کردہ کمیونٹی یا باہمی امدادی گروپس درخواست دے سکتے ہیں، لیکن آپ پر تشکیل کردہ اسپانسر تنظیم کے ساتھ اپنی درخواست کی معاونت کے لیے کام کرنا لازمی ہے۔
- تنظیم کا مستقل طور پر لندن بورو میں موجود ہونا اور لندن کے خط و کتابت کے پتے کا حامل ہونا لازمی ہے۔ اس میں سول سوسائٹی کی تنظیمیں شامل ہیں جن کا علاقائی یا قومی دائرہ کار ہو سکتا ہے۔
- تنظیموں کا بے داغ غیر سیاسی پارٹی کی ساکھ کا حامل ہونا اور GLA کے شہری اور جمہوری عمل میں شرکت کے پروگرامز کا نظم کرنے والی قانونی رہنما ہدایتوں کو پورا کرنا لازمی ہے (براہ کرم سیکشن 14 دیکھیں)۔
- تنظیموں کا مساوات پر مبنی ہونا لازمی ہے، اس سے ہماری مراد یہ ہے کہ کسی تنظیم کی انتظامیہ کا کم از کم 50% حصہ (ٹرسٹیز اور سینیئر انتظامیہ) اور عملے کا درج ذیل شامل فہرست شناختوں میں ایک یا زائد کے ساتھ اپنی شناخت قائم کرنا ہے اور جن شہری اور جمہوری رکاوٹوں سے نمٹنے کی وہ کوشش کر رہے ہیں ان کے تجربے کا حامل ہونا ہے۔

اگر آپ ماضی میں GLA فنڈنگ حاصل کر چکے ہیں یا کسی دوسرے پراجیکٹ کے لیے فی الوقت GLA فنڈنگ حاصل کر رہے ہیں تو درخواست دینے پر کوئی تحدیدات نہیں ہیں۔ لیکن براہ کرم اس بات پر زور دینا یقینی بنائیں کہ آپ کیسے بالخصوص الیکشنز ایکٹ کے برابری کے اثرات کو زیر بحث لانے کے لیے گرانٹ کی فنڈنگ کا استعمال کریں گے اور براہ کرم پیشکش کے تجزیاتی معیار میں موجود تمام دیگر نکات کو زیر بحث لائیں۔

SUPPORTED BY GREATER LONDON AUTHORITY GROUNDWORK

متوقع زیادہ سطح کی طلب اور لندن بھر میں جتنی ممکن ہو سکے اتنی مقامی تنظیموں کے ساتھ کام کی خواہش کے سبب؛ فی درخواست گزار تنظیم زیادہ سے زیادہ ایک پراجیکٹ جمع کروایا جا سکتا ہے۔ متعدد درخواستوں کو مسترد کر دیا جائے گا۔

### 6. کون درخواست نہیں دے سکتا؟

- افراد، یا افراد کی طرف سے درخواست دینے والی تنظیمیں
- کاروبار یا منافع بخش تنظیمیں، اس میں شامل ہے:
  - شیئرز کے حساب سے محدود کی قانونی حیثیت کی حامل کمپنیز
  - منافع بخش تنظیمیں بشمول وہ جو غیر منافع بخش اسپانسر کے ساتھ درخواست کرتی ہیں
  - بلا شرکت غیرے تاجر جو کسی غیر منافع بخش اسپانسر کے ساتھ درخواست کرتے ہیں
- ایسی تنظیمیں جن کی اپنے نظم کی دستاویز میں فلاحی تحلیل کی شق نہ ہو
- مقامی حکام
- اسکولز یا رسمی تعلیمی ادارے، تاہم ہمیں کمیونٹی کے تعلیمی گروپس سے درخواستیں وصول کر کے خوشی ہو گی، مثلا لائبریری ہوم ورک کلب، ESOL گروپ، بعد از اسکول پراجیکٹس
- ایسی تنظیمیں جن کے پراجیکٹس درج ذیل کو کوور کریں گے:
  - ایسی سرگرمیاں جو نجی فائدے کے لیے منافع پیدا کرتی ہیں۔
  - ایسی سرگرمیاں جو مذہب پر عمل یا اس کی ترویج پر مبنی ہوں، یا ایسی سرگرمیاں جو فعال طور پر مخصوص اعتقادی سسٹمز (یا بلاشبہ اعتقاد کے نہ ہونے) کی ترویج کرتی ہوں۔ دین پر مبنی تنظیمیں درخواست دے سکتی ہیں، لیکن فنڈ کردہ سرگرمیوں کا اس بیان کردہ استثنیٰ کے تحت نہ آنا لازمی ہے۔
  - ایسی سرگرمیاں جو سیاسی جماعت سے متعلقہ ہوں اور مخصوص سیاسی جماعتوں یا امیدواروں کے لیے سیاسی معاونت کی ترویج کرتی ہوں۔ اس میں سیاسی جماعتوں سے وابستہ سول سوسائٹی یا دھڑے بندی گروپس شامل ہیں۔

تنظیموں کے لیے غیر جانبداری کے تقاضوں پر پورا اترنا ضروری ہے

### 7. درخواست گزاروں کے لیے کیا معاونت دستیاب ہے؟

Groundwork گرانٹ کے پروگرام کے انتظام کا نظم کر رہے ہیں اور تمام درخواست گزاروں اور گرانٹ لینے والوں کی معاونت کے لیے مصروف عمل ہیں۔ Groundwork آپ سے اگر ضروری ہوا تو، بالمشافہ ملاقاتوں کے امکان کے ساتھ، فون پر اور ای میل کے ذریعے بات کرنے کے لیے دستیاب ہیں۔ ہم شراکت داریوں، رضاکاروں، بجٹنگ، مارکیٹنگ اور مواصلات، اور دیگر شعبوں کے حوالے سے مشورہ فراہم کر سکتے ہیں۔ اگر گرانٹ پروگرام یا قانونی رہنما ہدایات اور غیر جانبداری کے تقاضوں کے متعلق آپ کے سوالات یا شبہات ہوں، تو براہ کرم VoterIDGrants@groundwork.org.uk پر ای میل یا 020 7239 1390 پر کال کریں۔

SUPPORTED BY

درخواست کے عمل کے دوران اور بعد ازاں رسائی کی معاونت فراہم کرنے کے لیے 27,000£ تک کی فنڈنگ دستیاب ہے۔ یہ معاونت ہر کیس کے حساب سے فراہم کی جائے گی تاکہ ہم موزوں ترین معاونت فراہم کر سکیں۔ اگر اس کا اطلاق آپ پر ہوتا ہے، یا آپ قوت سماعت سے محروم اور معذوروں پر مبنی تنظیم ہیں اور آپ کو اضافی رسائی کی معاونت درکار ہے، تو براہ کرم VoterIDGrants@groundwork.org.uk پر ای میل یا 1390 7239 020 پر کال کریں۔

Groundwork تمام درخواست گزاروں کو مشورہ اور معاونت فراہم کرنے کے لیے آن لائن ایپلیکیشن ورکشاپس کا انعقاد کرے گی۔ یہ گرانٹ پروگرام، کن پراجیکٹس کی معاونت کی جا سکتی ہے، کون اہل ہے اور اس سے متعلق جاننے کا موقع ہے کہ فنڈ کے بارے میں آپ کو درپیش سوالات کا جواب کون دے سکتا ہے۔ اگر آپ شرکت کرنا چاہیں، تو براہ کرم ذیل میں موجود لنکس کا استعمال کریں یا Groundwork کی ویب سائٹ پر رجسٹر ہوں:

بدھ 23 نومبر 2022، - 13:30 – 12:00 ,2022 یہاں رجسٹر کریں

پیر 28 نومبر 2022، 17:30 – 19:00 – یہاں رجسٹر کریں

## 8. ہم کیسے درخواست دے سکتے ہیں؟

براہ کرم یہاں موجود درخواست پورٹل کے ذریعے اپلائی کریں، جس تک آپ Groundwork کی، یہاں موجود ویب سائٹ کے ذریعے بھی رسائی کر سکتے ہیں۔ آپ کو درخواست پورٹل پر جانے سے پہلے اہلیت کا ایک سوالنامہ مکمل کرنے کا کہا جائے گا، تاکہ یقینی بنایا جا سکے کہ آپ اور آپ کا پراجیکٹ فنڈنگ کے لیے اہل ہیں۔ درخواست دینے کے لیے، درخواست فارم مکمل کریں اور آن لائن پورٹل استعمال کرتے ہوئے اپنی درخواست جمع کروائیں۔

آپ درخواست جمع کروانے سے پہلے Groundwork ویب سائٹ پر دستیاب گرانٹ کے پروگرام کے متعلق معلومات اور رہنمائی پڑھنے کو یقینی بنائیں۔ اگر آپ کے کوئی سوالات ہوں یا آپ کو درخواست مکمل کرنے کے لیے اضافی معاونت درکار ہو، تو براہ کرم VoterIDGrants@groundwork.org.uk پر ای میل یا 1390 7239 020 پر کال کریں۔

**گرانٹ 15 جون 2023 کے بعد سے دستیاب ہے** اور جمع کروانے کی آخری تاریخ **14 جولائی 2023 شام 5 بجے ہے۔**

### *8.1 مطلوبہ احتیاط کی رہنمائی*

چونکہ گرانٹس عوامی رقم میں سے دی جاتی ہیں، اس لیے ہمیں مطلوبہ احتیاط کے جائزے انجام دینے کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ وہ ٹیسٹس ہیں جو چیک کرتے ہیں کہ آپ وہی ہیں جو آپ اپنے بارے میں بتا رہے ہیں اور یہ کہ آپ کے پاس اپنا پراجیکٹ شروع کرتے وقت تمام متعلقہ پالیسیاں اور انشورنس موجود ہے۔

آپ کو اپنی درخواست کے ساتھ متعدد دستاویزات فراہم کرنی ہوں گی:

- اپنی اور اپنی اسپانسر تنظیم کی ایک موزوں 'تحلیلی' یا 'اختتامی شق' سمیت گورننس کی دستاویزات فراہم کریں۔

SUPPORTED BY

GREATER LONDON AUTHORITY

GROUNDWORK

- اپنی یا اپنی اسپانسر تنظیم کے حالیہ ترین اکاؤنٹس کی ایک کاپی فراہم کریں جن کا موزونیت کے مطابق، آپ کی تنظیم کے سائز اور گورننس کے آئین پر منحصر یا تو آڈٹ ہو چکا ہو یا خود مختار طور پر معائنہ ہو گیا ہو۔
- اگر آپ کسی اسپانسر تنظیم کے ساتھ شراکت کر رہے ہیں، تو (اگر قابلِ اطلاق ہو تو) اپنی اسپانسر تنظیم کی جانب سے تصدیق کا خط منسلک کریں تاکہ تصدیق کی جا سکے کہ وہ حوالہ جاتی اسٹیٹمنٹ کے ساتھ آپ کی طرف سے فنڈز کو سنبھال اور ان کی حفاظت کر سکتی ہے
- موجودہ سال کے لیے آپ کے یا آپ کی اسپانسر تنظیموں کے کیش فلو کی اسٹیٹمنٹ
- اپنے یا اپنی اسپانسر تنظیم کا موجودہ سال کا بجٹ فراہم کریں
- اپنے یا اپنی اسپانسر تنظیم کے مالیاتی ضوابط/طریقہ ہائے کار فراہم کریں

اگر آپ کامیاب ہو جاتے ہیں، تو آپ سے مزید دستاویزات فراہم کرنے کا کہا جائے گا:
- ثابت کریں کہ آپ یا آپ کی اسپانسر تنظیم موزوں عوامی ذمہ داری اور آجر کی ذمہ داری کی انشورنس کا حامل
- آپ اور آپ کی اسپانسر تنظیم کی موزوں حفاظتی پالیسی
- آپ اور آپ کی اسپانسر تنظیم کی برابری، تنوع اور شمولیتی پالیسی/اسٹیٹمنٹ

**غیر جانبداری:** اگر آپ بولی جمع کروانے کا فیصلہ کرتے ہیں، تو آپ کی تنظیم کے غیر جانبداری کے ٹریک ریکارڈ کا جائزہ لیا جائے گا۔ اس میں درج ذیل کی جانچیں شامل ہیں:
- کسی بھی پارٹی کے سیاسی تبصروں کے لیے، پارٹی رکنیت سازی یا نامناسب رویئے کے لیے سوشل میڈیا پوسٹس جو وابستگی کی صورت میں GLA کی ساکھ کو متاثر کر سکتی ہیں۔
- ویب سائٹ، خصوصاً انتظامیہ اور ٹرسٹیز پر مبنی معلومات، رجسٹر شدہ پتہ اور کوئی بھی ایسی سرگرمی یا بیانات جنہیں کسی پارٹی کی سیاسی حمایت یا سرگرمی سمجھا جا سکتا ہے۔
- خیراتی کمیشن اور کمپنیز ہاؤس۔
- Google سرچ کے ذریعے تنظیم کی ساکھ کے حوالے سے تنازعات اور ٹریک ریکارڈ۔

براہ کرم اپنے ٹریک ریکارڈ کا ثبوت، خصوصاً گزشتہ غیر جانبداری پر مبنی شہری اور جمہوری سرگرمی میں مشغولیت، اس کا دائرہ کار اور اثر فراہم کریں۔ اگر آپ کے پاس کوئی تجربہ نہیں یا بہت کم تجربہ ہے، تو براہ کرم شہری اور جمہوری حقوق کے متعلق اپنے فہم، اس حصہ داری کے حوالے سے کمیونٹی کی رکاوٹیں، اور بشمول کوئی بھی شراکت داری کے کام کے، آپ کیسے اس خلاء کو پُر کریں گے، کا اظہار کریں۔

## 9. گرانٹ کون سے اخراجات کو کوور کرے گی؟

ہم وسیع اقسام کی سرگرمیوں اور آپ کے پراجیکٹ چلانے کے متعلقہ اخراجات کو فنڈ کریں گے۔
اخراجات میں درج ذیل شامل ہو سکتے ہیں (لیکن ان تک محدود نہیں):
- (لندن کی رہائشی اجرت کے حساب سے) عملے کی تنخواہیں، پراجیکٹ میں مشغولیت کے تناسب کے اعتبار
- سرگرمی کے اخراجات، بشمول ریسورسز، مقام ہائر کرنا، طعام کی اشیاء

- رسائی کے اخراجات[2]، بشمول BSL مترجم، کمیونٹی کی زبانوں میں ترجمہ کی جانے والی ریسورسز
- رضاکار اخراجات، بشمول سفری اخراجات، طعام کی اشیاء، شرکت کی فیس (لندن کی رہائشی اجرت)
- پیشہ ورانہ فیس، بشمول پراجیکٹ میں مدد کے لیے لوگوں کو بھرتی کرنے کا خرچ (مثلاً گرافک ڈیزائنر، ویڈیو میکر، خطاب کرنے والے کی فیس، وغیرہ)
- امواد اور وسائل کی پیداواریت تاکہ رابطے کی سرگرمی کی معاونت کی جائے (تاوقتیکہ وہ ان امواد کی نقل نہ کریں جو پہلے ہی GLA کی جانب سے پیش کیے جا چکے ہیں)
- *پراجیکٹ کے نظم کے اخراجات، بشمول عملے کی آمدورفت، پرنٹنگ، ترویج اور مواصلات*
- *اوور ہیڈز، کیے جانے والے کام کے تناسب میں ہونا ضروری ہیں اور آپ کی کُل گرانٹ کی رقم کے 30% سے متجاوز نہیں ہونے چاہیئں، آپ کا اس رقم کا واضح حساب کتاب پیش کرنا ضروری ہے*

ہمیں توقع ہے کہ گرانٹس میں پراجیکٹ کی سرگرمیوں کی خاطر رسائی کے تقاضوں کی معاونت کے لیے اخراجات شامل ہوں گے

## 10. گرانٹ کن اخراجات کو کوور نہیں کرے گی؟

درج ذیل اخراجات گرانٹ کوور نہیں کرے گی:
- عمومی اوور ہیڈز جو پراجیکٹ کی فراہمی سے متعلقہ نہیں ہیں
- متعلق بہ ماضی اخراجات، بشمول کمیونٹی کی مشاورت میں سامنے آنے والے کوئی بھی اخراجات اور/یا اپنی درخواست جمع کروانا
- بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کے اخراجات یا معمول کی مرمتیں اور کمیونٹی کی عمارات میں معمولی بہتریاں
- ایسی سرگرمیاں جو پہلے ہی پیش آ چکی ہیں یا درخواست کے حوالے سے ہمارے فیصلے پر پہنچنے سے پہلے پیش آئی ہیں
- ایسی سرگرمیاں اور وسائل جن کی GLA کی جانب سے غیر جانبداری کے ٹیسٹ پر پورا اترنے کی تصدیق نہیں کی گئی
- لندن سے باہر کی اور منافع حاصل کرنے کی سرگرمیاں
- قرضے کی واپس ادائیگیاں
- قابل بازیابی VAT - اگر آپ VAT رجسٹرڈ نہیں ہیں، تو آپ کو اس فنڈنگ کے حصے کے طور پر VAT اخراجات کو شامل کرنے کی ضرورت ہو گی جس کی آپ اپنے پروگرام کے لیے درخواست دے رہے ہیں۔

## 11. آپ کیسے فیصلہ کریں گے کہ کیا فنڈ کرنا ہے؟

ہم کچھ کلیدی معیار کی نسبت سے آپ کی درخواست کا جائزہ لیں گے:

---

[2] پروجیکٹ تک رسائی حاصل کرنے سے، ہماری مراد اس بات سے ہے کہ آپ کس طرح کمیونٹی گروپس میں موجود تمام افراد کو شامل کریں گے تاکہ وہ آپ کے پروجیکٹ میں بہترین ممکنہ طریقے سے حصہ لے سکیں۔ جہاں مناسب ہو، درخواست گزاران کو پروجیکٹ کی رسائی پذیری کے اخراجات ظاہر کرنے کے لیے بجٹ لائنز شامل کرنی چاہیئں مثلاً معلومات کو مختلف فارمیٹس یا کمیونٹی کی زبانوں میں فراہم کرنا، ایونٹس میں برطانوی اشاروں کی زبان کے مترجم کی فراہمی، یا طبعی ماحول کی مطابقت کی فراہمی۔

SUPPORTED BY GREATER LONDON AUTHORITY GROUNDWORK

- اس شعبے میں آپ کی تنظیم کا سابقہ تجربہ اور جمہوری عمل میں شرکت اور کچھ گروپس پر اثر انداز ہونے والی رکاوٹوں کو سمجھنا
- پراجیکٹ کیسے سب سے کم رجسٹرڈ اور کم نمائندگی یافتہ گروپس تک پہنچتا ہے اور کیسے پراجیکٹ کی سرگرمی فنڈ کے مقاصد کو پورا کرتی ہے
- آپ کیسے یقینی بنائیں گے کہ کمیونٹی پراجیکٹ کی تشکیل کاری اور فراہمی میں شامل ہے
- رسائی کو کیسے زیر غور لایا گیا ہے اور ایک عامل کے طور پر بجٹ میں کیسے شامل کیا گیا ہے
- پراجیکٹ کی سرگرمی کیسے قانونی رہنمائی پر پورا اترے گی اور کیسے تمام اوقات میں غیر جانبدار رہے گی
- آپ اپنی تجویز، بشمول اچھی طرح سوچ بچار یافتہ بجٹ اور ٹائم لائن کو عملی شکل دینے کے لیے کتنا واضح ہیں، بشمول کوئی بھی خطرات اور آپ کیسے ان میں تخفیف کریں گے
- آیا تنظیم مساوات پر مبنی ہے
- آپ کیسے فراہمی اور اثر، نیز وسطی اور حتمی تجزیاتی رپورٹس کے ذریعے رپورٹ کی نگرانی کرنے کا منصوبہ رکھتے ہیں

## 12. کیا تنظیموں کو گرانٹ سے فنڈ کردہ سرگرمی پر رپورٹ کرنے کی ضرورت ہوتی ہے؟

ہاں، گرانٹ سے فنڈ کردہ تمام تنظیموں کو اپنے پراجیکٹس پر رپورٹ دینے کی ضرورت ہو گی۔ اس میں درج ذیل شامل ہوں گی:

- وسط اکتوبر اور دسمبر 2023 کے اوائل میں اعلیٰ سطح کی وسطی فرہمی کی رپورٹس
- مارچ 2024 کے اختتام تک ایک حتمی مفصل تجزیاتی رپورٹ

ہم کامیاب درخواست گزاروں کو نگرانی اور تجزیاتی معلومات کے متعلق مزید معلومات فراہم کریں گے جو ہم چاہتے ہیں کہ وہ پراجیکٹ کے شروع ہونے سے پہلے خوش آمدیدی/ابتدائی ملاقات میں جمع کریں، لیکن کچھ کلیدی میٹرکس میں یہ شامل ہو سکتے ہیں (یہ ایک جامع فہرست نہیں ہے):

- ایسے کم رجسٹرڈ اور کم نمائندگی یافتہ لندن کے شہریوں کی مردم نگاری (عمر، صنف، نسل اور دیگر کلیدی حفاظت یافتہ خصوصیات) اور کُل تعداد جو گرانٹ کی فنڈ کردہ سرگرمی اور ان مقامات اور بوروز میں شرکت کرتے ہیں جہاں سرگرمی منعقد کی جا رہی ہو۔
- گرانٹ کی جانب سے فنڈ کردہ سرگرمی کے ذریعے چلائے جانے والے بالمشافہ ایونٹس کی بدولت رائے دہندگی کے لیے رجسٹر ہونے، رائے دہندہ کی منظور شدہ تصویری ID یا مفت رائے دہندہ کے اختیار کے سرٹیفیکیٹ کے لیے اپلائی کرنے والے درخواست گزاروں کی کُل تعداد
- سوشل میڈیا چینلز کے ذریعے پہنچ اور وابستگی تاکہ لندن کے ایسے رہائشی جو کم رجسٹر شدہ اور کم نمائندگی یافتہ کمیونٹیز سے تعلق رکھتے ہیں، انہیں اپنے شہری اور جمہوری حقوق میں تبدیلیوں کے متعلق زیادہ بہتر فہم اور آگہی حاصل ہو۔
- کم رجسٹرڈ اور کم نمائندگی یافتہ گروپس سے متعلقہ لندن کے شہریوں کی فیڈ بیک/کیس اسٹڈی جو گرانٹ سے فنڈ کردہ پراجیکٹس میں حصہ لیتے ہیں جو کہتے ہیں کہ انہیں اپنے علاقے سے وابستگی کا احساس ہوتا ہے اور/یا لندن کے شہری اپنی آواز اور اپنا حق رائے دہی استعمال کرنے کے لیے تیار ہیں۔

**13. فنڈنگ فراہم کیے جانے پر گرانٹ لینے والوں کو کس معاونت کی پیشکش کی جائے گی؟**

گرانٹ کی پوری مدت کے دوران عام سوالات سے لے کر IT، رسائی اور غیر جانبداری کی حمایت تک گرانٹ حاصل کرنے والوں کی مدد کی جائے گی۔ GLA کی فعال شہریت اور جمہوری عمل میں شرکت کے پروگرام کے حصے کے طور پر اس گرانٹ پروگرام کی نگرانی کرنے والے Groundwork اور GLA ٹیم کی جانب سے معاونت فراہم کی جائے گی۔

گرانٹ لینے والوں کو گرانٹ کی ترسیل، نگرانی اور جانچ کی تفصیلات پر ایک جامع انڈکشن ورکشاپ میں دعوت دی جائے گی۔

گرانٹ لینے والوں کو ایک خود مختار تنظیم کی جانب سے غیر جانبداری پر مزید تربیت، مشورے اور اعانت بھی فراہم کی جائے گی جس کی تقرری کے لیے GLA اور Groundwork پیشرفت کر رہے ہیں۔ اس میں ایک ابتدائی تعارفی ورکشاپ شامل ہو گی جس میں گرانٹ حاصل کرنے والے تمام افراد کو شرکت کرنی چاہیئے اور فراہمی کے دوران مزید اعانت دینی چاہیئے۔

Groundwork اگر ضروری ہوا تو بالمشافہ ملاقاتوں کے امکان کے ساتھ، آپ سے فون، ویڈیو کال یا ای میل کے ذریعے بات کرنے کے لیے دستیاب ہو گی۔ ہم شراکت داری کے کام کرنے، رضاکاروں کے نظم، بجٹنگ، مارکیٹنگ اور مواصلات اور دیگر موضوعات کے متعلق مشورہ فراہم کر سکتے ہیں۔ Groundwork پراجیکٹ کے دوروں اور کیس اسٹڈیز کے لیے مواد اکٹھا کرنے کی خاطر فراہمی کی مدت کے دوران تمام کامیاب درخواست گزاروں سے رابطہ کرے گی۔

Groundwork تمام گرانٹ فراہم کرنے والوں کو سوشل میڈیا کی تربیت بھی فراہم کرے گی، تاکہ آن لائن آگہی بڑھانے کی سرگرمی کے اثرات کو درست طریقے سے ظاہر کرنے کے لئے سوشل میڈیا میٹرکس کی نگرانی، جمع اور ریکارڈ کرنے کے بارے میں مدد اور رہنمائی فراہم کی جا سکے۔

Groundwork £27,000 کے قابلِ رسائی پاٹ کی نگرانی کرے گا، تاکہ یقینی بنایا جا سکے کہ آپ کے پراجیکٹ کی فراہمی اور جانچ کے مراحل کی اعانت کے لیے پروگرام سے متعلقہ تمام دستاویز لندن کے قوت سماعت سے محروم افراد کے لیے قابل رسائی (بڑے پرنٹ، آسان پڑھائی اور BSL) میں دستیاب ہیں۔

**14. اس گرانٹ فنڈنگ کے حوالے سے GLA کی قانونی رہنمائی اور گورننس کیا ہے؟**

اس کام کی نوعیت کے سبب، GLA کے قائم شدہ پیرامیٹرز ہیں جن پر ہمیں غیر جانبداری کو یقینی بنانے کے لیے پورا اترنا ہے۔ تمام گرانٹ لینے والے افراد پر درج ذیل کو یقینی بنانا ضروری ہو گا:

- پیغام رسانی، وابستگی اور فراہمی کے تناظر میں تمام اوقات میں غیر جانبداری کو مدنظر رکھنا لازمی ہے، اس میں لندن کے میئر کے ساتھ کوئی براہ راست وابستگی نہ ہونا اور کسی سیاسی جماعت یا انفرادی سیاست دان کی تشہیر نہ کرنا شامل ہے۔
- "GLA کی جانب سے معاونت یافتہ" لوگو کا استعمال معلوماتی مواد پر اور تقریبات کی تشہیر اور دیگر متعلقہ سرگرمی کے لیے کیا جائے گا۔

SUPPORTED BY GREATER LONDON AUTHORITY GROUNDWORK

- تمام سرگرمیاں اور معلوماتی امواد غیر سیاسی ہونا اور غیر جانبدار ہونا لازمی ہے اور لازم ہے کہ اسے کسی سیاسی جماعت یا انفرادی سیاست دان کی تشہیر سے متعلقہ نہ گردانا جائے۔

**نوٹ کریں:** غیر جانبداری کو یقینی بنانے کے لیے، گرانٹ لینے والے افراد کو پراجیکٹ کی سرگرمیوں، امواد اور عوامی مواصلتوں پر پراجیکٹ کے لائیو ہونے سے پہلے اور فراہمی کے دوران سائن آف حاصل کرنے کی ضرورت ہو گی۔ کوئی بھی سرگرمی، امواد یا عوامی مواصلت جس کی اجازت GLA کی جانب سے نہ دی گئی ہو اسے غیر مجاز سمجھا جائے گا اور اس کی باز ادائیگی نہیں کی جائے گی۔

### 15. ابھی درخواست دیں

براہ کرم Groundwork یہاں پر درخواست پورٹل کے ذریعے درخواست دیں۔ درخواست پورٹل پر لے جانے سے پہلے آپ سے ایک مختصر سا اہلیت کا سوالنامہ مکمل کرنے کا کہا جائے گا تاکہ یقینی بنایا جائے کہ آپ اور آپ کا پراجیکٹ فنڈ کے لیے اہل ہیں۔

اگر آپ کو درخواست پورٹل تک رسائی، درخواست فارم مکمل کرنے کے لیے مدد یا معاونت درکار ہے یا کسی مختلف فارمیٹ میں درخواست تک رسائی کرنے کی ضرورت ہے، تو براہ کرم Groundwork سے VoterIDGrants@groundwork.org.uk کے ذریعے یا فون 020 7239 1390 پر رابطہ کریں، اور ٹیم کا ایک ممبر بخوشی آپ کی مدد کرے گا۔

ہم پُرزور تجویز دیتے ہیں کہ درخواست کا عمل شروع کرنے سے پہلے، آپ درخواست اور اس پراسپیکٹس کے ساتھ آنے والی رہنمائی کا جائزہ لیں، کیونکہ یہ آپ کو درخواست کے سوالات دکھائے گی، مخصوص سوالات مکمل کرنے کے طریقے کے متعلق تجاویز دے گی، اور آپ کو سوالات کے اپنے ممکنہ جوابات کے متعلق سوچنے کا موقع دے گی۔ ہم یہ تجویز بھی دیتے ہیں کہ آپ اس بات کو سمجھنے کے لیے تجزیے کا میٹرکس پڑھیں کہ آپ کی درخواست کا جائزہ کیسے لیا جائے گا اور درخواست پورٹل صارفی گائیڈ پڑھیں، جو درخواست پورٹل تک رسائی اور اس کو استعمال کرنے کے طریقے کی وضاحت کرتی ہے۔ آپ یہ دستاویزات Groundwork کی ویب سائٹ پر، یہاں ملاحظہ کر سکتے ہیں۔

**گرانٹ 15 جون 2023 کے بعد سے دستیاب ہے** اور جمع کروانے کی آخری تاریخ **14 جولائی 2023 شام 5 بجے ہے۔**

SUPPORTED BY GREATER LONDON AUTHORITY GROUNDWORK